16/12/2025

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

لیفٹننٹ گورنر

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے وِجے دِوس کے موقعہ پر 1971 کی جنگ میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر جوانوں کو خراج عقیدت ادا کیا ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں منوج سنہا نے کہاہے کہ ان جوانوں کی بہادری ، غیر متزلزل عزم اور جواں مردی نے اس جنگ میں بھارت کو ایک فیصلہ کن کامیابی سے ہمکنار کیا ۔ ایل نے کہا کہ قوم اُن جوانوں کی خدمات اور قربانیوں کی ہمیشہ مرہونِ منت رہے گی ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سرینگر ضلع کے ترقیاتی منظر نامہ کا جائزہ لینے کی غرض سے کل ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی ۔ انہوں نے لوگوں کو در پیش مسائل اور مشکلات کے تعلق سے بھی عوام کے چُنے ہوئے نمائندوں سے جانکاری حاصل کرتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ ابھارے گئے مسائل کے فوری ازالے کی خاطر ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں گے ۔ وزیر اعلیٰ نے اچھن لینڈ فِل سائٹ سے اُبھرنے والے ماحولیاتی اور صحت عامہ کے مسائل کے مستقل اور پائیدار حل پر زور دیتے ہوئے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ ویسٹ منیجمنٹ کے سائنسی اور عوام دوست طرزِ عمل کو اپناتے ہوئے اس مسلہ کی مقررہ وقت میں چارہ جوئی کریں ۔

لانچ کرتے ہوئے Logo میں جموں میراتھن کا Palace دریں اثناءوزیر اعلیٰ نے کل ہری نِواس امید ظاہر کی کہ یہ میراتھن ملک کے دوڑ سے متعلق کلینڈر میں ایک یادگار تقریب کی حیثیت سے ابھرے گا ۔ اس موقعہ پر نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کے وزیر ستیش شرما اور دیگر کئی سرکردہ شخصیات بھی موجود تھیں ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کل ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران پردھان منتری شرم یوگی مان دھن اور پردھان منتری کسان مان دھن یوجنا کے علاوہ دیگر چند فلاحی سکیموں کی عمل کے تحت رجسٹریشن کے قواعد و ضوابط کا جائزہ لیتے ہوئے چیف PMSYM آوری کا جائزہ لیا ۔ سیکریٹری نے سبھی ڈپٹی کمشنروں کو ہدایت دی کہ وہ اس سکیم کے تعلق سے وسیع جانکاری پیدا کرنے کی خاطر تحصیل اور بلاک سطح کی کمیٹیاں تشکیل دیں اور مستحق لوگوں کی زیادہ پورٹل e-Shram سے زیادہ رجسٹریشن یقینی بنائیں ۔ اٹل ڈلو نے کہا کہ یوٹی میں 34 لاکھ ورکر پر رجسٹر ہیں اور اس بات پر زوردیا کہ رواں مالی برس کے دوران 10 لاکھ کامگاروں کو کے تحت رجسٹر کیا جانا چاہئے ۔ PMSYM

BGSBU

بابا غلام شاہ بادشاہ یونیورسٹی نے کل اپنا 22 واں یوم تاسیس منایا ۔ محکمہ اعلیٰ تعلیم کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری شانت منو اِس تقریب میں مہانِ خصوصی کی حیثیت سے شامل ہوئے ۔ انہوں نے یوم تاسیس کی مبارک باد دیتے ہوئے مختلف چیلنجوں کے با وجود بابا غلام شاہ بادشاہ یونیورسٹی کو بلندیوں تک لے جانے کے لئے یونیورسٹی انتظامیہ کی سراہنا کی ۔ انہوں نے انتظامیہ کی طرف سے یونیورسٹی کو ہر ممکن مدد اور تعاون فراہم کرنے کی یقین دہانی کی ۔ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر جاوید اقبال نے اس موقعہ پر یونیورسٹی کو تعلیم اور تحقیق کا ایک بہترین مرکز بنانے کے لئے لگاتار کام کرنے کا عزم دہرایا ۔

کرائم برانچ

وِنگ نے دھوکہ دہی ، قلم زنی ، مجرمانہ سازش اور Offences کرائم برانچ کشمیر کی اِکنامک عہدے کا غلط استعمال کرنے کی پاداش میں میونسپل کمیٹی بڈگام کے سابق صدر غلام محی الدین ڈار ، غلام محمد میر اور عبد المجید بٹ کے خلاف سپیشل جج انٹی کورپشن سرینگر کی عدالت میں فرد جرم دائر کی ہے ۔ یہ معاملہ بڑے پیمانے پر دھاندلیوں اور میونسپل کمیٹی بڈگام کی سرکاری ملکیت والی ایک عمارت کو غیر قانونی طور الاٹ کرنے سے متعلق ہے اور کرائم برانچ کی تحقیقات کے دوران سبھی شکایات درست پائی گئیں جس کے بعد فردِ جرم دائر کی گئی ہے ۔

زراعت

محکمہ

ورکشاپ کا اہتمام کیا ۔ Yuva-vani 2.0 کے تحت ضلع سطح کے JKCIP زراعت گاندربل نے کل ئ

ورکشاپ کا اہتمام متعلقہ بلاکوں کی یوتھ کلبوں کی نشاندہی کرنے اور ان کو موجودہ ماحولیاتی چیلنجوں سے نمٹنے کی خاطر لازمی علم اور تربیت فراہم کرنے کی غرض سے کیا گیا تھا ۔
ورکشاپ کے دوران شرکاءکو تین کلیدی شعبوں مثلاً آبی وسائل کے احیائ، سالڈ ویسٹ منیجمنٹ اور موسم کی جانکاری سے متعلق تربیت فراہم کی گئی ۔

بانڈی پورہKVK

کرشی وِگیان کیندر بانڈی پورہ نے کل آبی پودوں کی کاشت کے ذریعہ روزگار کے مواقعہ پیدا کرنے کی غرض سے کل نمائش کا افتتاح کیا ۔ زرعی یونیورسٹی کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی کی ہدایت پر منعقد کئے گئے اس ورکشاپ میں علاقے کے درجنوں افراد خاص طور سے نوجوانوں نے شرکت کی ۔ نمائش کے دوران ماہرین نے آبی فصلوں کی کاشت سے متعلق شرکاءکو ماہرانہ رائے دی اور انہیں آبی فصلوں کی کاشت میں روزگار کے مواقع سے متعلق بھی آگاہ کیا ۔

ARTO

ARTO بانڈی پورہ نے ٹرانسپورٹ کمشنر کشمیر کی ہدایت پر ضلع میں ٹریفک چیکنگ مہم تیز کر دی ہے اور اس دوران 30 ہزار 6 سو روپے مالیت کے چالان کئے گئے ہیں ۔ مہم کے دوران ٹریفک قوانین اور نظم و ضبط کی خلاف ورزی کرنے والے ڈرائیوروں کے خلاف کاروائی عمل میں لائی گئی ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

****